ریاستہائے متحدہ ضلعی عدالت برائے نیویارک مشرقی ضلع

## کلاس نالش (کلاس ایکشن) مقدمے کے مجوزہ تصفیے کا اطلاع نامہ

اس نوٹس کی اجازت ایک عدالت نے دی ہے۔ یہ کسی وکیل کی جانب سے التماس نہیں ہے۔

کیا آپ کا ایسا بچہ ہے جس کو ذیل میں سے کچھ ہے؟
**a)** ٹائپ 1 یا ٹائپ 2 ذیابیطس ہے؛ اور
**b)** ابھی مندرج ہے یا مستقبل میں نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (**DOE**) کے پبلک اسکول میں مندرج ہو گا؟

بجانب: تمام طلبا اور اسکول میں ذیابیطس کی متعلقہ نگہداشت کے ضرورت مند طلبا کے والدین جو اس وقت یا مستقبل میں نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) پبلک اسکولوں میں شرکت کریں گے۔ اس کا اطلاق چارٹر اسکولوں، نجی اسکولوں یا پری اسکول پروگراموں میں شرکت کرنے والے طلبا پر نہیں ہوتا ہے۔

**برائے مہربانی اس اطلاع کو بغور پڑھیں۔ اس مقدمے میں قانونی کارروائی کی وجہ سے آپ کے حقوق متاثر ہو سکتے ہیں۔**

مجوزہ تصفیہ ("تصفیہ" یا "تصفیہ معاہدہ") ایک ایسے قانونی مقدمے کا فیصلہ کرتا ہے جسکا دعوی ہے کہ مدعا علیہان (DOE، نیو یارک شہر محکمئہ صحت اور دماغی حفظانِ صحت، اسکول کا دفترِ صحت، اور نیو یارک شہر) نے محکمئہ تعلیم اسکولوں میں شرکت کرنے والے ذیابیطس کے حامل طلبا کے خلاف امتیاز برتا تھا۔ مقدمہ خاص طور پر محکمئہ تعلیم کے اسکولوں میں ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے سہولیات اور خدمات کی فراہمی کے بارے میں بات کرتا ہے۔

### اس تصفیہ میں آپکے قانونی حقوق اور انتخابات:

- **آپ اعتراض کر سکتے ہیں** — اگر آپ اس تصفیہ سے متفق نہیں ہیں تو آپ عدالت کو خط تحریر کرسکتے ہیں۔
- **آپ منصفانہ سماعت کے لیے جا سکتے ہیں** — آپ عدالت سے تصفیہ کے منصفانہ ہونے سے متعلق بات کرنے کے لیے درخواست کر سکتے ہیں۔
- **اگر آپ کوئی اقدامات نہیں لیتے،** اور عدالت اس تصفیے کو منظور کر لیتی ہے، اگر آپ مقدمے کے ایک رکن ہیں تو آپ اس تصفیہ کی شرائط کے پابند ہوں گے۔
- اس اطلاع میں ان حقوق اور انتخابات کی وضاحت کی گئی ہے۔ **ان حقوق اور انتخابات پر عمل کرنے کی کچھ حتمی تاریخیں ہیں۔**

## عام معلومات

### 1. یہ قانونی مقدمہ کس بارے میں ہے؟

ذیابیطس کے حامل تین بچے، ان کے والدین (مقدمے میں نامی مدعیان) کے ذریعے اور طرف سے اور ساتھ میں امریکی انجمن برائے ذیابیطس ( "مدعیان" کے ساتھ) نے اسکول میں ذیابیطس کے حامل بچوں کی بہتر نگہداشت کے لیے نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا ہے۔ اس مقدمے کا نام ہے *M.F., et al. v. New York City Department of Education, et al.*, Civil No. 18-CV-6109.

مدعیان نے الزام لگایا ہے کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اسکولوں نے، معذوری خصوصاً ذیابیطس کے حامل افراد کو تحفظ فراہم کرنے سے متعلق وفاقی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے کیونکہ اسکول:

- جز 504 اجلاس کہلائے جانے والے اجلاس کو شیڈیول کرنے اور اس کا انعقاد کرنے میں، اور جز 504 منصوبے کہلائے جانے والے منصوبوں کا خاکہ بنانے اور اس کا اطلاق کرنے میں ناکام رہا تھا جو ذیابیطس سے متعلق نگہداشت اور سہولیات کی وضاحت کرتا ہے جو ذیابیطس کے حامل طلبا کو اسکول میں حفاظت کے ساتھ شرکت کرنے اور ان کی تعلیم سے مستفید ہونے کے لیے درکار ہوتی ہیں، بشمول نقل و حمل خدمات اور اسکول کی کفالت کردہ غیر نصابی سرگرمیوں کے۔

- ذیابیطس کے حامل طلبا کی نگہداشت کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے اسکول نرسوں، معاون پیشہ وران، معاونین، اساتذہ، متبادل اساتذہ، اور دیگر عملے کو مناسب تربیت فراہم کرنے میں ناکام رہا ہے؛ جیسے کہ خون میں گلوکوز کی نگرانی، گلوکاگان دینے، یا انسولین دینے کے لیے اسکول نرسوں کے لیے تربیت۔

- ذیابیطس کے حامل طلبا کو ذیابیطس سے متعلق نگہداشت موصول کرنے کے لیے ان کو کلاس روم سے باہر بھیج کر غیر ضروری طور پر طلبا کو علیحدہ کیا، جس کی وجہ سے ان کی گراں قدر تعلیم کے حصول میں حرج ہوا تھا۔

- ذیابیطس سے متعلقہ ضروری نگہداشت نہ فراہم کر کے ذیابیطس کے حامل بچوں کو اسکول اور اسکول سے متعلق سرگرمیوں جیسے فیلڈ ٹرپ، اسکول کی کفالت کردہ بعد از اسکول سرگرمیوں اور غیر نصابی سرگرمیوں اور اسکول ناشتے سے خارج رکھا تھا۔

مقدمے، بشمول شکایت کے متعلق مزید معلومات ذیل پر دستیاب ہیں:
https://dralegal.org/case/m-f-v-new-york-city-department-of-education/

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں ذیابیطس کی نگہداشت کے بارے میں مزید معلومات ذیل پر دستیاب ہیں:
https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/staying-healthy/diabetes

### 2. ایک کلاس نالش (کلاس ایکشن) کیا ہے؟

مدعیان نے اپنے اور ان طریقوں کے ذریعے متاثر ہونے والے دیگر طلبا کے نمائندے کے طور پر اپنے دعوے کیے ہیں۔ مدعیان کو عدالت کے ذریعے تمام متاثرہ طلبا (جن کو کلاس (مقدمے) کے ممبران یا کلاس بھی کہا جاتا ہے) کے نمائندے کے طور پر مقدمے کی نمائندگان کرنے کی خدمات انجام دینے کے لیے تقرر کیا گیا ہے۔

### 3. یہ تصفیہ کیوں ہوا؟

مقدمے کو شروع کرنے کے بجائے، مدعیان اور مدعا علیہان مقدمے کا تصفیہ کرنے پر متفق ہو گئے ہیں۔ مدعیان کا ماننا ہے کہ جو تصفیہ انہوں نے کیا ہے یہ منصفانہ، معقول، قابلِ جواز ہے، اور یہ مقدمے کے ممبران کے بہترین مفاد میں ہے۔ اس نتیجے تک پہنچنے کے لیے، مقدمے کے نمائندگان اور ان کے وکلا تصفیے کے فوائد کو، عدالت کی مسلسل کارروائی کے ممکنہ نتائج، اور عدالت کی کارروائی کے اخراجات اور مسلسل طوالت اور ممکنہ اپیل کو زیرِ غور لائے تھے۔

### 4. یہ تصفیہ کن افراد کا احاطہ کرتا ہے؟

ذیابیطس کے حامل وہ تمام طلبا جو محکمئہ تعلیم (DOE) اسکول میں فی الوقت شرکت کر رہے ہیں یا جو DOE اسکول میں مستقبل میں شرکت کریں گے۔

### 5. میں اس صورت میں کیا کروں اگر مجھے یقین نہ ہو کہ آیا میں یا میرا بچہ اس میں شامل ہیں؟

اگر آپ اس بارے میں غیر یقینی ہیں کہ آیا آپ کا بچہ مقدمے میں شامل ہے اور تصفیہ ان کا احاطہ کرتا ہے، مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی معذوری کے حامل افراد کے حمایتوں کو diabeteslawsuit@dralegal پر ای میل کریں یا 2362-217-(332) پر کال کریں۔

### 6. کیا کوئی طالب علم تصفیہ کے تحت رقم وصول کرسکتا ہے؟

جی نہیں۔ تصفیہ مقدمے کے ممبران کو کسی قسم کی مالی اعانت نہیں فراہم کرتا۔

## تصفیہ مقدمے (کے ممبران) کے لیے کیا فراہم کرتا ہے

اگر تصفیہ منظور ہو جاتا ہے، تو مدعا علیہان مخصوص پالیسیوں اور طریقوں کا اطلاق کریں گے۔ تصفیہ 1 ستمبر، 2023 تا 15 اگست، 2026 تک نافذ العمل ہو گا (اس گوشوارہ وقت میں تبدیلی ہو سکتی ہے اگر عدالت تصفیے کو 31 اگست 2023 کے بعد منظور کرتی ہے)۔ ایک بیرونی نگران اور مشترکہ ماہرین تصفیہ کی معیاد کے دوران، تصفیہ کے مطلوبہ اقدامات کے متعلق مدعا علیہان کی تعمیل پر نظر رکھیں گے۔

یہ اطلاع نامہ تصفیے کے مطلوبات کا خلاصہ کرتا ہے:

- ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے منصوبہ بندی کو بہتر بنانا یہ یقینی بنا کر کہ جز 504 اجلاس شیڈیول اور منعقد ہوں، اور جز 504 منصوبوں کی تشکیل ہو اور ان پر دستخط ہوں اور یہ کہ جز 504 میں وہ تمام سہولیات شامل ہیں جن کا فیصلہ جز 504 ٹیم نے کیا تھا۔ جز 504 منصوبے ذیابیطس سے متعلقہ نگہداشت اور سہولیات کی وضاحت کرتے ہیں جو ذیابیطس کے حامل طلبا کو حفاظت کے ساتھ اسکول میں شرکت کرنے اور اپنی تعلیم اور متعلقہ سرگرمیوں سے مستفید ہونے کے لیے درکار ہوتی ہیں۔
    - ذیابیطس کے حامل ان طلبا کے لیے جو اگلے تعلیمی سال اسی اسکول میں واپس آئیں گے:
        - جز 504 رابطہ کاران واپس آنے والے طلبا کے نمائندوں کے طور پر جز 504 اجلاس کو شیڈیول کریں گے جس کا انعقاد طبی خدمات کے لیے درخواست موصول ہونے کے 15 اسکولی دنوں کے اندر یا تعلیمی سال کے اختتام سے قبل ہو گا، جو بھی پہلے ہو۔ اگر واپس آنے والے طالب علم کے والدین اس گوشوارہ

وقت کے اندر ایک 504 اجلاس میں شریک نہیں ہو سکتے، 504 رابطہ کار اجلاس کو ایک دوسری تاریخ کے لیے شیڈیول کر سکتا ہے جب والدین دستیاب ہوں۔

- ذیابیطس کے حامل وہ طلبا جو پہلی بار اسکول کا آغاز کر رہے ہیں، ایک نئے اسکول میں آغاز کر رہے ہیں یا جن کو حال ہی میں ذیابیطس کا مرض بتایا گیا ہے (نئے طلبا):
  - جز 504 رابطہ کاران جتنا جلدی ممکن ہو جز 504 اجلاس کو شیڈیول کریں گے، اور جب نرسنگ یا پیشہ ور معاون جیسی طبی خدمات کی درخواست کی جاتی ہے (اگر ذیابیطس کی دوائی دینے کے فارم (DMAF) یا جز 504 کے لیے درخواست کو جمع کروایا گیا ہے) تو یہ اسکول کے پہلے دن کے بعد 15 دنوں کے اندر یا (تعلیمی سال کے آغاز کے بعد DMAFs یا جمع کروائی گئی درخواستوں کے لیے) طبی خدمات کی درخواست جمع کروانے کےبعد 15 دنوں کے اندر اجلاس کو شیڈیول کریں گے، ماسوائے والدین کے شیڈیول کو سہل بنانے کے لیے اضافی وقت درکار ہو۔
- تمام نئے طلبا کے لیے (نئے مندرج، منتقل ہو کر آنے والے، اور / یا جن کو مرض بتایا گیا ہے) کلاس کے ممبران طلبا:
  - تاوقتیکہ طالبِ علم کا DMAF واضح اور غیر مبہم ہے، اسکول عملہ نرس ذیابیطس کی متعلقہ نگہداشت فوراً فراہم کرنے کا آغاز کر سکتے ہیں۔ اگر طالبِ علم کا DMAF واضح اور غیر مبہم نہیں ہے، یا اسکول نرس عملہ نرس ہونے کے بجائے زیرِ معاہدہ ملازمت پر ہے، دفترِ صحت برائے اسکول (OSH) DMAF کا جائزہ لے گا اور اسکو اسکول نرس کو جتنا جلد ممکن ہو اور اگلے اسکول دن تک ارسال کرے گا۔
  - محکمئہ تعلیم کو ایک DMAF موصول ہو جانے کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو اور کسی بھی صورت میں موصولی کے 5 اسکولی ایام تک (ماسوائے والدین کے شیڈیول کو سہل بنانے کے لیے اضافی وقت درکار ہو)، اسکول والدین، اسکول نرس، اگر ممکن ہو OSH ذیابیطس ٹیم، اسکول کے عملے پر اختیار رکھنے والے اسکول کے ایک منتظم کے ساتھ ایک اجلاس کا انعقاد کریں گے تاکہ طالبِ علم کی ضروریات پر بات چیت کی جا سکے اور نگہداشت کا ایک منصوبہ فراہم کیا جائے جب ایک واضح اور غیرمبہم DMAF دستیاب ہو اور جب جز 504 کے اجلاس کا انعقاد کیا جا سکتا ہے اور جز 504 منصوبے کو حتمی بنایا جا سکتا ہے۔ اجلاس کی توجہ کا مرکز نگہداشت کی تقرری کے لیے منصوبے اور طالبِ علم کے لیے ذمہ دار بالغان کے لیے ذیابیطس سے متعلقہ تربیت کی فراہمی ہو گا۔
- تمام طلبا کلاس ممبران کے لیے:
  - جز 504 ٹیموں سے اس مقدمے میں خاص طور پر ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے تیار کیے گئے جز 504 منصوبے کے خاکے کو استعمال کرنا مطلوب ہے اور ان کی اس کو استعمال کرنے کی یاددہانی کروائی جائے گی جس میں طالبِ علم کی خدمات اور سہولیات کے ساتھ ساتھ تربیت موصول کرنے والے افراد درجِ فہرست ہوں گے۔
  - کسی بھی طالبِ علم کو سرمائے کی کمی کی وجہ سے درکار سہولیات کی فراہمی سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے۔
  - جب بھی ممکن ہو جز 504 منصوبے کو جز 504 اجلاس کے اختتام پر منظور کیا جائے گا۔

- اسکول نرسوں، پیشہ ور معاونین، بس ڈرائیورز، بس میں نگران، اور ذیابیطس نگہداشت کے لیے دیگر عملے کو ذیابیطس کے طلبا کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے تربیت دینا۔
    - امریکی ذیابیطس ایسوسی ایشن کی مشاورت کے ساتھ تربیت کے تمام مواد میں ضرورت کے مطابق تجدید کی جائے گی۔
    - نرسیں:
        - تمام نئی نرسیں، عملے کی نئی نرسوں کی ملازمت کی پہلی تاریخ کے چھ ہفتوں کے اندر یا زیرِ معاہدہ نرسوں کے واقفیتی اجلاس میں، ذیابیطس نگہداشت سے متعلق، ذیابیطس کے حامل طلبا کے حقوق، جز 504 منصوبہ بندی، اور ذیابیطس ٹکنالوجی کی ابتدائی تربیت موصول کریں گی۔ نئی نرسوں کو ایک اسکول میں اس وقت تک تقرر نہیں کیا جائے گا جب تک کہ ان کا واقفیتی اجلاس مکمل نہ ہو جائے۔
        - تمام نرسیں، جس طالبِ علم کو یہ خدمات فراہم کرتی ہیں یہ اس مخصوص طالبِ علم کی خاص ضروریات کے مطابق تربیت حاصل کریں گی جیسے ذیابیطس ٹکنالوجی۔ مثال کے طور پر، Dexcom 6 Continuous Glucose Monitor (CGM) استعمال کرنے والے طالبِ علم کا علاج کرنے والی نرس اس مخصوص آلے کے لیے تربیت حاصل کریں گی۔
        - اگر ایک طالبِ علم کو مرض بتایا جاتا ہے یا یہ تعلیمی سال کے آغاز کے بعد اسکول میں داخل ہوتا ہے، طالبِ علم کے ذیابیطس علاج کا کوئی نیا عنصر ہے، یا کلینیکی طور پر اضافی تربیت مناسب ہو گی تو اضافی تربیت فراہم کی جائے گی۔ والدین ایسی اضافی تربیت کی درخواست کر سکتے ہیں، اور، اگر ذیابیطس ٹیم نرس یا نگران نرس اس بات پر متفق ہیں تو تربیت کی ضرورت کی نشان دہی ہونے کے 5 اسکولی ایام کے اندر عملہ کی نرسوں کو تربیت فراہم کرنا لازمی ہے، اور زیرِ معاہدہ نرسوں کو (تربیت کی) ضرورت کی نشان دہی ہونے کے دس اسکولی ایام کے اندر تربیت فراہم کرنا لازمی ہے۔
        - تمام نرسیں تعلیمی سال کے آغاز سے قبل یا اس کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو ذیابیطس کی متعلقہ نگہداشت کے لیے سالانہ تقویتی تربیت موصول کریں گی۔
    - معاون پیشہ وران:
        - جیسے ہی جز 504 ٹیم یہ تعین کر لیتی ہے کہ ذیابیطس متعلقہ نگہداشت فراہم کرنے کے لیے پیشہ ور معاون کی تقرری مناسب ہے تو فوراً ایک پیشہ ور معاون کی نشان دہی کی جائے گی اور زیادہ تر صورت میں اس کو 5 اسکولی ایام میں انجام دیا جائے گا۔
        - تمام پیشہ ور معاونین ذیابیطس پر اور ان سے جو کام انجام دینے کی توقع ہے یہ اس کے لیے تربیت حاصل کریں گے ساتھ ہی جن انفرادی طلبا کی معاونت یہ کر رہے ہیں ان مخصوص طلبا (کی ضروریات) کے لیے تربیت حاصل کریں گے۔
        - ان تمام پیشہ ور معاونین کو سالانہ تقویتی تربیت فراہم کی جائے گی جن کی تقرری ذیابیطس کے حامل طلبا کے ساتھ جاری رہے گی۔ ضرورت کے مطابق اضافی تربیت فراہم کی جا سکتی ہے اور والدین اضافی تربیت کی درخواست کر سکتے ہیں۔

- جز 504 رابطہ کاران:
  - اسکول کا وہ تمام عملہ جو ہر ایک اسکول میں اسکول کے جز 504 رابطہ کاران کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے، بشمول (واپس آنے والے جز 504 رابطہ کاران کے لیے) تقویتی تربیت کے، جس کو مئی اور جون میں منعقد کیے جانے والے جز 504 اجلاس سے قبل ہر تعلیمی سال کی 15 اپریل تک مکمل کیا جانا چاہیئے۔
- محکمئہ تعلیم اساتذہ، کوچز، اور ذیابیطس کے حامل طالبِ علم کے لیے ذمہ دار دیگر بالغان:
  - ذیابیطس کے حامل طالبِ علم کے لیے ذمہ دار بالغان سطح 1 کی تربیت موصول کریں گے جس میں شامل ہوں گی ذیابیطس کا بنیادی فہم اور یہ طالبِ علم کی اسکول اور اسکول کی متعلقہ سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی قابلیت کو کس طرح متاثر کرتی ہے، ہائیپوگلائسیمیہ (خون میں شوگر کی کمی) اور ہائیپرگلائسیمیہ (خون میں شوگر کی زیادتی) کی کس طرح شناخت کی جائے اور اشاروں اور علامات پر کس طرح ردِ عمل کیا جائے، ہائیپوگلائسیمیہ اور ہائیپرگلائسیمیہ کی صورت میں کیا کِیا جائے، ایک ہنگامی صورت میں کس سے فوری طور پر رابطہ کیا جائے، ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے قابلِ غور عام سہولیات۔ تربیت کی ضرورت کی نشان دہی ہو جانے کے 10 اسکولی ایام کے اندر اس تربیت کا انعقاد کیا جائے گا۔
  - بالغان (معاون پیشہ وران یا نشان دہی کردہ اسکول کے عملے) کی نمایاں تعداد سطح 2 کی تربیت موصول کرے گی جس میں سطح 1 کی تربیت کے مشمولات شامل ہوں گے ساتھ ہی اضافی ذمہ داریاں انجام دینے کی تربیت شامل ہو گی جیسے کہ خون میں گلوکوز کی نگرانی، گلوکاگان دینا، کی ٹونز کی نگرانی، انسولین زیرِ نگرانی دینا، اور ذیابیطس کی ایک ہنگامی صورت میں کیا کیا جائے شامل ہو گا۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اسکول دن کے دوران، تفریحی دروں پر، غیر نصابی سرگرمیوں کے دوران (مثلاً منظور کردہ ناشتہ پروگرام)، ضرورت کے مطابق اسکول کی دیگر متعلقہ غیر نصابی سرگرمیوں میں اسکول کے عملے کا کم سے کم 1 تربیت یافتہ فرد دستیاب ہے۔ تربیت کی ضرورت کی نشان دہی ہو جانے کے 15 اسکولی ایام کے اندر اس تربیت کا انعقاد کیا جائے گا۔
- بس ڈرائیورز اور بس میں نگران:
  - DMAF کے حامل محکمئہ تعلیم کے طالبِ علم کی نقل و حمل کے لیے DOE کے ذریعے نشان دہی کردہ ذمہ دار بالغان سطح 1 کی تربیت حاصل کریں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، ساتھ ہی یہ گلوکاگان دینے کی تربیت بھی حاصل کریں گے۔ نشان دہی کردہ ڈرائیورز اور نگرانوں کے لیے اس تربیت کا انعقاد اسکول کے پہلے دن سے قبل کیا جائے گا۔ تربیت کے بعد، محکمئہ تعلیم ڈرائیور اور نگران کو "فوری عمل کرنے کی رہنمائی" فراہم کرے گا جس میں طالبِ علم کی کم تا متوسط ہائپوگلائیسیمیہ علامات کی، ہائیپوگلائیسیمیہ اور ہائپرگلائسیمیہ کی شدید عام علامات کی نشان دہی کرنا، طالبِ علم کے گلوکوگان کے نسخے کا فارم شامل ہو گا اور جب والدین کی جانب سے فراہم کردہ گلوکاگان، ذیابیطس کے لیے سنیکس، اور پانی کو بس میں سفر کے دوران طالبِ علم کے پاس (مثلا ان کے بستے کی سامنے والی جیب میں) ہی رکھا جاتا ہے۔

- یہ یقینی بنانا کہ سہولیات کو کم سے کم پابندی کے ماحول میں فراہم کیا جائے تاکہ طالب علم بھرپور ممکنہ طریقے سے اپنے ہمسروں کے ساتھ باہم سرگرم عمل رہ سکے جنہیں معذوریاں نہیں ہیں، اس ہدف کے ساتھ کہ چُھوٹ جانے والے تدریس کے وقت کو اور اسکے کلاس ہمسروں سے علیحدگی کو محدود کیا جائے۔

- ذیابیطس سے متعلقہ ضروری نگہداشت کی فراہمی کو یقینی بنا کر ذیل سرگرمیوں سے ذیابیطس کے حامل طلبا کو اسکول اور اسکول سے متعلق سرگرمیوں جیسے فیلڈ ٹرپ، اسکول کی کفالت کردہ بعد از اسکول سرگرمیوں اور غیر نصابی سرگرمیوں اور اسکول ناشتے سے خارج رکھنے کے عمل کو ختم کرنا۔

### 7. اگر تصفیے کو منظور کر لیا جاتا ہے تو کیا میں کوئی حقوق کھو دوں گا؟

تصفیہ معاہدے کے تحت، مقدمے میں نامی مدعیان مخصوص دعووں کو چھوڑنے (دستبردار ہونے) کے لیے اور کلاس کی جانب سے مخصوص دعووں کو چھوڑ دینے کے لیے متفق ہیں:

- مقدمے میں نامی مدعیان اور کلاس ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے سہولیات اور خدمات کی فراہمی سے متعلق نظامی امتناعی دادرسی کی گزارش نہیں کریں گے جو کہ تصفیہ کے نافذالعمل ہونے کی تاریخ سے قبل رونما ہوئی تھی۔ اس کا مطلب ہے کہ نہ ہی نامی مدعیان اور نہ ہی کلاس کے کوئی ممبر تصفیہ کے نافذالعمل ہونے سے قبل واقع ہونے والے واقعات کی بنیاد پر نظام پیما سطح پر ذیابیطس کے حامل طلبا کے لیے سہولیات اور خدمات کی کمی کو چیلنج کرنے والا ایک مقدمہ کریں گے۔

- نہ ہی مقدمے میں نامی مدعیان اور نہ ہی کلاس ممبران کوئی بھی ذیابیطس سے متعلقہ دیگر انفرادی دعویٰ کریں گے جیسے کہ معذوری کے حامل افراد کے تعلیمی ایکٹ یا جز 504 کے ذریعے رونما ہونے والے حسبِ ضابطہ دعوے۔

### 8. تصفیہ نامی مدعیان کے لیے کیا فراہم کرتا ہے؟

تصفیہ کے حصے کے طور پر، مدعا علیہان، نام دیئے گئے تین مدعیان میں سے ہر ایک کو مقدمے کی نمائندگی کی خدمات کے لیے $5,000 ادا کرنے کے لیے متفق ہیں۔

## اس مقدمے کے وکلا

### 9. کیا اس مقدمے میں میرا کوئی وکیل ہے؟

جی ہاں۔ اگر آپ یا آپ کا بچہ ایک مقدمے کا ممبر ہے، معذوری کے حامل افراد کے حقوق کی حمایت کرنے والے وکلا، ایک غیر نفعی لا فرم، آپ کی نمائندگی صرف اس مقدمے کے مقاصد کے لیے کرتی ہے۔ معذوری کے حامل افراد کے حقوق کے وکلا معذوری سے متعلق حقوق کے اسی قسم کے مقدمات سے نمٹنے کا تجربہ رکھتے ہیں۔ معذوری کے حقوق کے وکلا کے بارے میں مزید معلومات اور ان کی وکالت کے تجربے کی معلومات http://www.dralegal.org پر دستیاب ہیں۔

اس معاملے میں ان وکیلوں کی آپکی نمائندگی کرنے کے لیے آپکو کوئی خرچہ برداشت نہیں کرنا ہوگا۔ اگر آپ خود اپنا وکیل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ اپنے خرچ پر کسی وکیل کو رکھ سکتے ہیں۔

### 10. وکیلوں کو معاوضہ کس طرح ملے گا؟

اس مقدمے کے مدعا علیہان وکلا کو ادائیگی کریں گے۔ تصفیہ معاہدہ بیان کرتا ہے کہ مقدمے کے وکلا اس مقدمے کے حقائق کی تحقیقات، مقدمہ کی کارروائی، تصفیے پر مفاہمت کرنے، اور تصفیے پر نظر رکھنے اور اسکے نفاذ کے لیے مدعا علیہان سے وکلا کی خدمات کے لیے معقول فیس طلب کریں۔ اس تصفیے کے تحت مدعا علیہان کے ذریعے فراہم کی جانے والی خدمات یا وہ پالیسیاں اور طریقے وکلا کی فیس کی ادائیگی کی وجہ سے متاثر نہیں ہوں گی جن کا اطلاق کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔

## تصفیہ پر اعتراض کرنا

### 11. میں عدالت کو کیسے مطلع کروں کہ میں تصفیے سے متفق نہیں؟

تصفیے کے نافذالعمل ہونے سے قبل اس کو عدالت سے منظور کیا جانا لازمی ہے۔
اگر آپ کو تصفیے کا کوئی حصہ ناپسند ہے تو آپ اس پر اعتراض کر سکتے ہیں۔ عدالت آپکے خیالات کو زیرِ غور لائے گی۔ اعتراض کرنے کے لیے آپ کو عدالت کو ایک ای میل بھیجنا اور اس کی نقل تمام وکلا (ای میل پتوں کو ذیل میں پایا جا سکتا ہے) کو بھیجنا لازمی ہے، اس میں بیان کیا گیا ہو، "میں M.F., et al v. New York City Department of Education, et al کے تصفیے پر اعتراض کرتا ہوں۔ آپ کے لیے اپنا نام، ای میل پتہ، گھر کا پتہ، رابطہ کے لیے فون نمبر، تصفیے پر اعتراض کرنے کی مخصوص وجہ، کسی بھی ایسے دستاویز کی نقول جن کو آپ چاہتے ہیں کہ عدالت زیرِ غور لائے، اور ایک بیان شامل کرنا لازمی ہے کہ آیا اعتراض کا اطلاق صرف آپ کی ذات پر ہوتا ہے، کلاس کے مخصوص ذیلی مجموعے پر یا پوری کلاس پر ہوتا ہے۔ اگر آپ اعتراض کر رہے ہیں اور آپ ورچؤل سماعت میں بات کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کے لیے اس کو اپنے تحریری اعتراض میں بیان کرنا لازمی ہے یا بصورتِ دیگر بات کرنے کے ارادے کا ایک علیحدہ نوٹس بھیجیں (ذیل میں سوال 14 میں بیان کیا گیا ہے)۔ اگر آپ کو ای میل دستیاب نہیں ہے تو آپ اپنے اعتراض کو بذریعہ ڈاک جج کے کمرہ عدالت کے ڈپٹی کو فرسٹ کلاس میل کے ذریعے بھیج سکتے ہیں، تمام وکلا کو نقول بھیجنے کے ساتھ۔ ای میل اور ڈاک کے پتے ذیل میں ہیں:

Victor Joe
Courtroom Deputy of Judge Gershon
Victor_Joe@nyed.uscourts.gov
United States District Court for the Eastern District of New York
225 Cadman Plaza East
Brooklyn, NY 11201

Torie Atkinson
Disability Rights Advocates
diabeteslawsuit@dralegal.org
655 Third Avenue, 14th Floor
New York, NY 10017

Chlarens Orsland
New York City Law Department – General Litigation Division
corsland@law.nyc.gov
100 Church Street, Room 2-174
New York, NY 10007

**آپ کے اعتراض کو یا تو ای میل یا ڈاک کے ذریعے 27 فروری، 2023 تک بھیج دینا لازمی ہے۔** مقدمے کے وکلا، معذوری کے حقوق کے حمایتی، کسی بھی اعتراض کو الیکٹرانک ڈاکٹ میں جمع کروائیں گے اور اعتراض کرنے والے مقدمے کے ممبران کو (اعتراض) کو درج کرنے کی رسید ای میل یا ڈاک کے ذریعے بھیجیں گے۔

## منصفانہ سماعت

### 12. عدالت یہ کب تعین کرے گی کہ اس نے تصفیہ منظور کر لیا ہے؟

**عدالت 19 اپریل، 2023 دوپہر 2:00 بجے** ایک ورچؤل منصفانہ سماعت کا انعقاد کرے گی۔ اس ورچؤل سماعت میں عدالت اس پر غور کرے گی کہ آیا تصفیہ منصفانہ، معقول اور قابلِ جواز ہے یا نہیں۔ اگر کسی بھی تحریری اعتراضات کو اعتراض بھیجنے کی آخری تاریخ سے قبل ای میل یا ڈاک کے ذریعے بھیجا گیا تھا تو عدالت ان کو زیرِ غور لائے گی۔ جج ان افراد کی بات کو سنے گا جنہوں نے سماعت میں کچھ کہنے کی مناسب طور سے گزارش کی ہے۔ سماعت کے بعد، جج یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا تصفیہ کو منظور کیا جائے یا نہیں۔ ہمیں علم نہیں ہے کہ ان فیصلوں میں کتنا وقت لگے گا۔ اگر عدالت منصفانہ سماعت کے بعد تصفیہ کو منظور کرتی ہے، تو پھر بھی اپیل کی جاسکتی ہے۔ اگر کوئی اپیل دائر کی جاتی ہے، تو اسکا حل نکلنے کا دورانیہ غیرمعین ہے۔ اگر تصفیہ منظور ہوتا ہے اور کوئی اپیل دائر نہیں کی جاتی، تو مدعا علیہان تصفیہ کے مطلوبہ اقدامات پر عمل کرنا شروع کریں گے۔

### 13. کیا مجھے سماعت میں شرکت کرنے کی ضرورت ہے؟

جی نہیں۔ معذوری کے حقوق کے حمایتی سماعت میں شرکت کریں گے اور یہ اس مقدمے کے متعلق جج کے کسی بھی سوالات کا جواب دیں گے۔ لیکن، آپ بخوشی اپنے خرچے پر شرکت کرسکتے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل لنک پر زوم کے ذریعے ورچؤل سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں:

https://nyed.zoomgov.com/j/1600673093?pwd=VXBwTVFNZUg3bjZKUUFNV1EwTmlVZz09

اجلاس آئی ڈی: 160 067 3093
پاس کوڈ: 090317

یا ذیل نمبر پر ٹیلیفون کے ذریعے:

1(646)828-7666
اجلاس آئی ڈی: 160 067 3093
پاس کوڈ: 090317

سماعت کی تاریخ یا وقت میں کوئی بھی تبدیلیاں معذوری کے حقوق کے حمایتوں کی ویب سائٹ https://dralegal.org/press/nyc-school-diabetes-settlement-fairness-hearing/ پر دستیاب ہیں۔ اگر آپ تحریر میں ایک اعتراض جمع کرواتے ہیں تو آپ کو اس پر بات کرنے کے لیے سماعت میں شرکت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ نے اپنا تحریری اعتراض بروقت ای میل یا بذریعہ ڈاک بھیج دیا ہے، تو عدالت اس پر غور کرے گی۔ آپ شرکت کرنے کے لیے اپنا وکیل رکھ سکتے ہیں، لیکن یہ ضروری نہیں ہے۔ اگر آپ ایک منصفانہ سماعت میں بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے لیے اپنے اعتراض میں یا بات کرنے کے ارادے کے ایک علیحدہ نوٹس میں اس کا اظہار کرنا لازمی ہے۔

## 14. کیا مجھے سماعت میں بات کرنے کی اجازت ہے؟

آپ ورچؤل منصفانہ سماعت میں کچھ کہنے کے لیے عدالت کی اجازت طلب کرسکتے ہیں۔ برائے مہربانی توجہ کریں کہ سماعت میں شرکت کرنے کی وجہ سے ہونے والے اخراجات آپ کو برداشت کرنے ہوں گے۔ سماعت میں بات کرنے کی درخواست کرنے کے لیے، اگر آپ نے تصفیہ پر اعتراض کرنے کے لیے بات کرنے کے ارادے کا اظہار نہیں کیا ہے تو آپ کے لیے عدالت کو ایک ای میل بھیجنا لازمی ہے جس کی نقل تمام وکلا کو بھیجی جانی چاہیئے جس میں بیان کیا گیا ہو کہ آپ *M.F. v. New York City Department of Education*, Civil No. 18-CV-6109 (NG) میں پیش ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اپنے نام، ای میل پتے، گھر کے پتے، ٹیلیفون نمبر کو، سماعت میں بات کرنے کے ارادے کی وجہ کو شامل کرنا اور کوئی بھی گواہان جنہیں آپ گواہی دینے کے لیے بلائیں گے ان کو درج فہرست کرنا، اور کوئی بھی شواہد جنہیں آپ سماعت کے دوران ثبوت کے طور پر پیش کریں گے ان کو شامل کرنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ کو ای میل دستیاب نہیں ہے تو آپ کمرہ عدالت کے جج صاحب کے نائب کو اپنے بات کرنے کے ارادے کے نوٹس کو فرسٹ کلاس میل کے ذریعے بھیج سکتے ہیں اس کی نقل تمام وکلا کو بھیجی جانی چاہیئے۔ مذکورہ بالا سوال نمبر 11 میں ای میل یا ڈاک کے پتے کو استعمال کریں۔ **آپ کے بات کرنے کے ارادے کے نوٹس کو لازماً یا تو ای میل یا بذریعہ ڈاک 27 فروری، 2023 تک بھیج دینا چاہیئے۔** مقدمے کے وکلا بات کرنے کے ارادے کے کسی بھی نوٹس کو الیکٹرانک ڈاکٹ میں درج (فائل) کریں گے اور مقدمے کے وہ ممبران جو بات کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ان کو درج ہونے کی رسید بذریعہ ای میل یا ڈاک بھیجیں گے۔

## 15. اگر میں کچھ بھی نہ کروں تو کیا ہو گا؟

تصفیہ منظور ہو جانے کے بعد آپکو مستقبل کے تحفظات وصول کرنے کے لیے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں۔

## اضافی معلومات حاصل کرنا

## 16. کیا اس تصفیے کے متعلق اضافی تفصیلات ہیں؟

یہ نوٹس تصفیے کی تلخیص بیان کرتا ہے۔ تصفیہ معاہدہ میں مزید تفصیلات دی گئی ہیں۔ اس صورت میں جب یہ نوٹس معاہدے سے مختلف ہو، تو معاہدے کی شرائط کو درست مانا جائے گا۔

آپ معذوری کے حقوق کے حمایتیوں کی ویب سائٹ پر معاہدے کی نقل تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں:

https://dralegal.org/case/m-f-v-new-york-city-department-of-education/ آپ 2362 217-(332) پر کال کر کے یا diabeteslawsuit@dralegal.org پر ای میل بھیج کر معاہدے کی ایک نقل کی بھی درخواست کر سکتے ہیں، معاہدے کے بارے میں سوالات پوچھ سکتے ہیں، یا اس مقدمے کے کسی بھی دیگر دستاویزات کی درخواست کر سکتے ہیں، بشمول ابتدائی منظوری کے لیے تحریک اور عدالت کے سابقہ فیصلے۔

آخر میں، آپ نیو یارک کے مشرقی ضلع کے لیے ریاستہائے متحدہ ضلعی عدالت کے لیے عدالت کے کلرک کے دفتر 225 Cadman Plaza East, Brooklyn, New York 11201 میں پیر تا جمعہ صبح 8:30 اور شام 4:30 کے درمیان، عدالتی تعطیلات کے دنوں کے علاوہ، جا کر اس مقدمے کے عالتی ڈاکٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

اس تصفیہ کے بارے میں پوچھنے کے لیے براہِ کرم عدالت کو یا عدالتی کلرک کے دفتر کو فون نہ کریں۔

اگر آپ یا آپ کا بچہ ذیابیطس کا حامل طالبِ علم ہے اور آپ کو اپنے بچے کی اسکول میں نگہداشت کے متعلق مسائل ہیں تو آپ براہِ راست محکمئہ تعلیم سے رابطہ کر سکتے ہیں:

نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم، دفترِ صحت برائے اسکول جز 504 پروگرام مینیجر
(212) 287-0354
504Questions@schools.nyc.gov

یا

آپ کے بچے کے اسکول کے ہیلتھ ڈائریکٹر:

ہیلتھ ڈائریکٹر کی جدید ترین رابطہ معلومات کے لیے براہِ کرم https://www.schools.nyc.gov/school-life/health-and-wellness/staying-healthy/diabetes پر جائیں۔

**ACCESS** / ضلع 79 (تبادلہ اسکول، ضلع 79 اور کنسورشئیم / انٹرنیشنلز / این وائی سی آؤٹ ورڈ باؤنڈ اسکول)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Norberto Perez
ای میل: NPerez4@schools.nyc.gov
فون نمبر: 646-413-5069
پتہ: 4360 Broadway, New York, NY 10033

شمالی بروکلن (اضلاع 32، 23، 19، 16، 15، 14، 13)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Norberto Perez (I.A.)
ای میل: NPerez4@schools.nyc.gov; BkNorthHealth@schools.nyc.gov
فون نمبر: 646-413-5069
پتہ: 4360 Broadway, New York, NY 10033

جنوبی بروکلن (اضلاع 22، 21، 20، 18، 17)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Juliana Felix-Barret
ای میل: JFelixBarret@schools.nyc.gov
فون نمبر: 718-759-4921
پتہ: 415 89th Street, Rm 509, Brooklyn, NY 11209

برونکس (اضلاع 12، 11، 10، 9، 8، 7)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Marleni Moreira
ای میل: MMoreira3@schools.nyc.gov
فون نمبر: 718-828-4785
پتہ: 1230 Zerega Avenue, Bronx, NY 10462

مین ہیٹن (ضلع 6، 4، 2، 1)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Magdalene Gomes
ای میل: MGomes6@schools.nyc.gov
فون نمبر: 212-356-3867
پتہ: 333 7th Avenue, Rm 827 New York, NY 10001

مین ہیٹن (ضلع 5، 3)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Stephanie Caloir
ای میل: SCaloir@schools.nyc.gov
فون نمبر: 646-369-2502 ;718-556-8383
پتہ: 715 Ocean Terrace, Rm A-309 Staten Island, NY 10301

شمالی کوئنز (اضلاع 30, 26, 25, 24)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Carin Jean Pierre-Destin
ای میل: CPierre@schools.nyc.gov
فون نمبر: 718-281-3410
پتہ: Queens North 30-48 Linden Place, Flushing, NY 11354

جنوبی کوئنز (اضلاع 29, 28, 27)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Edith Richards
ای میل: ERichards7@schools.nyc.gov
فون نمبر: 718-348-2956
پتہ: 82-01 Rockaway Blvd, Rm 420, Queens, NY 11416

اسٹیٹن آئلینڈ (ضلع 31)
ہیلتھ ڈائریکٹر: Stephanie Caloir
ای میل: SCaloir@schools.nyc.gov
فون نمبر: 646-369-2502 ;718-556-8383
پتہ: 715 Ocean Terrace, Rm A-309 Staten Island, NY 10301

ضلع 75
ہیلتھ ڈائریکٹر: Shona Gibson
Adam Breier
ای میل: SGibson4@schools.nyc.gov
ABreier@schools.nyc.gov
فون نمبر: 212-802-1552
718-923-5087
پتہ: 400 First Avenue, Rm 715 New York, NY 10010

اگر آپ کے اس تصفیے کے بارے میں سوالات ہیں آپ مقدمے کے وکلا معذوری کے حقوق کے حمایتیوں سے ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں:

DISABILITY RIGHTS ADVOCATES
diabeteslawsuit@dralegal.org
655 Third Avenue, 14th Floor
New York, NY 10017
ٹیلیفون: (332)217-2362
http://www.dralegal.org

اگر آپ کے اسکولوں میں ذیابیطس سے متعلق سوالات ہیں، آپ ذیل رابطہ کر سکتے ہیں:

AMERICAN DIABETES ASSOCIATION
1-800-DIABETES (342-2383)
askada@diabetes.org
http://www.diabetes.org/safeatschool